غیر معمولی صلاحیتوں کے مالک تھے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی: ڈاکٹر پی ایل پنیا

مختلف اضلاع میں بھارت رتن سابق وزیر اعظم کی برسی منائی گئی



بارہ بنکی(ایس این بی) سابق وزیر اعظم بھارت رتن راجیو گاندھی غیر معمولی صلاحیتوں کے مالک تھے۔ انہوں نے ملک کے سب سے کم عمر وزیر اعظم کے طور پر ایسے کارہائے نمایاں انجام دیے کہ جن سے عالمی پیمانے پر ان کی علاحدہ شناخت قائم ہوئی۔ انہوں نے پوری دنیا کو احساس کرادیا کہ ہندوستان ایک عظیم طاقت ہے۔ مذکورہ خیالات آج راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر اوہری کوٹھی پر منعقد تقریب کو خطاب کرتے ہوئے راجیہ سبھا کے سابق ممبر ڈاکٹر پی ایل پنیا نے ظاہر کیے۔ انہوں نے کہا کہ راجیو گاندھی نے 18 برس کے نوجوانوں کو حق رائے دہی دینے کے ساتھ ہی پنچایتی راج اور مواصلاتی انقلاب دے کر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ آج ان کے یوم ایثار کے موقع پر ہم انہیں دل کی گہرائیوں سے خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے انڈیا ایلائنس کے کانگریس امیدوار تنج پنیا نے کہا کہ آنجہانی راجیو گاندھی کا تعلق اس عظیم گھرانے سے تھا جس کی چار پشتوں نے جنگ آزادی سے لے کر آزاد ہندوستان کی تعمیر و ترقی میں گراں قدر خدمات انجام دی تھیں۔ اپنی ماں سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کے بہیمانہ قتل سے صدمہ کے باوجود بھی انہوں نے ملک میں لوک سبھا انتخابات کرائے جس میں کانگریس پارٹی نے 508 میں سے 401 سیٹیں حاصل کر کے ریکارڈ کامیابی حاصل کی اور وہ ملک کے پھر وزیر اعظم بنے۔ انہوں نے اپنے دور میں کمپیوٹر، سائنس اور ٹکنالوجی کو نئی سمت دی۔ 21 مئی 1991 کو علاحدگی پسند طاقتوں نے انسانی بم بن کر ایک الیکشنی جلسہ میں انہیں قتل کردیا۔ صدر ضلع کانگریس محمد محسن نے کہا کہ دنیا کے جمہوری ممالک میں سے کم عمر کا وزیر اعظم بننے کا فخر راجیو گاندھی کو حاصل ہے۔ جلسہ کو سرجو شرما، اجیت ورما، وجے پال گوتم، شری کانت شکلا، سریندر شرما، جلال الدین، ویریندر پرتاپ یادو، عامر ایوب قدوائی، کے سی شریواستو، سکندر عباس رضوی، دویندر سنگھ وغیرہ نے خطاب کیا۔ سب ہی نے راجیو گاندھی کی تصویر کی گلپوشی کی۔

☆ سابق مرکزی وزیر مسز محسنہ قدوائی کی کوٹھی واقع سول لائنس میں آج راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر ہونے والے جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے ریاستی کانگریس کے جنرل سکریٹری فواد قدوائی نے کہا کہ آج کے ہی تمل ناڈو کے شری پرمبدور مقام پر ایک الیکشنی جلسہ کے دوران لٹّے نامی تنظیم نے ایک خود ساختہ حملے میں انہیں قتل کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ راجیو گاندھی نے جمہوریت کی بنیاد سمجھی جانے والے پنچایتی راج نظام کو مضبوطی دی اور ہندوستان جو کہ کمپیوٹر کے دور سے متعارف ہی نہیں اس کو ملک کے نوجوانوں میں متعارف کرا کے ان کے روشن مستقبل کے راستے کھول دیے۔ انہوں نے آئین ہند 73 اور 74 دفعات میں تبدیلی کر کے بلدیاتی اداروں اور پنچایتی راج اداروں میں سب ہی طبقات کو الیکشن لڑنے کی سہولت فراہم کی۔ آج بلدیاتی اداروں اور پنچایتی اداروں میں خواتین سمیت دوسرے طبقات کو جو ریزرویشن مل رہا ہے۔ یہ راجیو گاندھی کی ہی دین ہے۔ اس موقع پر سب ہی نے راجیو گاندھی کی تصویر کی گلپوشی کر کے انہیں جذباتی خراج عقیدت پیش کیا۔ جلسہ کو وجے چند شکلا، مظہر عزیز خاں، ماسٹر سعید احمد، طیب قدوائی، دانش احمد ایڈوکیٹ، عبد الرحمان، راج کمار سونی، وصی الدین، وسیم غازی سمیت دوسرے لیڈران موجود تھے۔

اجودھیا: سابق وزیر اعظم آنجہانی راجیو گاندھی کی 33 ویں برسی پر کانگریسیوں نے کانگریس دفتر کملا نہرو بھون میں ان کی تصویر پر گلپوشی کر خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سابق ضلع صدر اور ریاستی کانگریس کمیٹی کے رکن راجیندر پرتاپ سنگھ نے کہا کہ بھارت رتن راجیو گاندھی کی یاد کو برقرار رکھنا نہ صرف ایک رسم ہوگی بلکہ ان کے خواب کی تعبیر بھی ہوگی جو ایک نیا، خود منحصر اور خوشحال ہندوستان کے لیے دیکھا تھا۔ راجیو گاندھی کی یاد کو محفوظ رکھنا اس خواب کا اعزاز ہوگا جو انہوں نے نئے ہندوستان کی تشکیل کے لیے دیکھا تھا۔ شہر صدر وید سنگھ کمل نے آنجہانی راجیو گاندھی کو ایک نوجوان، دور اندیش وزیر اعظم قرار دیا جس نے ترقی یافتہ ہندوستان کا خواب دیکھا تھا۔ ضلع کانگریس کے ترجمان سنیل کرشن گوتم نے کہا، " ووٹنگ کی عمر کم کرنے، پنچایتی راج کو مضبوط کرنے، ٹیلی کام اور آئی ٹی انقلاب اور امن معاہدوں جیسے متعدد مداخلت کے ذریعے سے بھارت رتن راجیو گاندھی نے ہندوستان کو عالمی سطح پر ایک اہم مقام دلایا"۔ اس موقع پر مہانگر نائب صدر کرن ترپاٹھی، رامیندر ترپاٹھی، بجرنگ بہادر سنگھ، فلاور نقوی، کویندر ساہنی، اومیش اپادھیائے، چنچل سونکر، دھرمیندر سنگھ فاسٹر، دیو ورما، پریم پرکاش پانڈے، اشوک کمار رائے، سابق کونسلر جناردن مشرا، محمد عارف وغیرہ موجود تھے۔

گوری گنج/امیٹھی: منگل کو بھارت رتن سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی 33 ویں برسی منائی گئی۔ اس دوران کانگریس دفتر گوری گنج پر کشوری لال شرما سمیت دیگر کانگریسیوں نے ان کی تصویر پر گلپوشی کر کے خراج عقیدت پیش کیا۔ کانگریس ضلع صدر پردیپ سنگھل نے بتایا کہ 21 مئی 1991 کو ظالمانہ ہاتھوں نے راجیو جی کو ہم سے چھین لیا تھا۔ انھوں نے بہت کم وقت میں عوامی لیڈر اور وزیر اعظم کے طور پر ترقی کی راہ پر ملک کو لے جانے کے ساتھ ہی امیٹھی کو ان کی شناخت وا ونچائی دلائی۔ وہ تاریخ کے صفحات میں درج ہے۔ انھوں نے ہندوستان کو جدید، خوشحال اور ایک مضبوط ملک بنانے میں خصوصی رول نبھایا۔ راجیو گاندھی ملک کو 21 ویں صدی کی طرف جانے کے نامکمل حلف کو راہل گاندھی، پرینکا گاندھی و ہم سب کے لیڈر کشوری لال شرما اب پورا کرنے کیلئے ہم سب کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر ملک اور امیٹھی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کانگریس عہدیداران نے کانگریس دفتر کے باہر لوگوں میں شربت تقسیم کیا۔ اس موقع پر جنرل سکریٹری یوگیندر مشرا، سابق ایم ایل اے رادھے شیام دھوبی، سابق ایم ایل سی دیپک سنگھ، اسمبلی انچارج رضلع کانگریس کمیٹی بلاک کے صدور، سیوا دل نوجوان کانگریس، کانگریس ضلع ترجمان انل سنگھ و دیگر سینئر کانگریسی موجود رہے۔ وہیں گوری گنج پروگرام کے بعد کانگریس امیدوار و سینئر لیڈر کشوری لال شرما امیٹھی کے قصبہ کے سگرا تراہے پر پہنچ کر راجیو گاندھی کی مجسمہ پر گلپوشی کر کے خراج عقدت پیش کیا۔ اس کے علاوہ بلاک صدر برجیش مشرا، نیائے پنچایت صدر ابھیشیک سنگھ سمیت کئی کانگریسی کارکنان اور سماجی خدمتگار نے گلپوشی کر کے انھیں یاد کیا۔ برجیش مشرا نے بتایا کہ راجیو گاندھی آج بھی امیٹھی کی عوام کے دلوں میں زندہ ہیں اور ان کے ذریعہ کئے گئے ترقیاتی کام کہ آج بھی امیٹھی میں ایک مثال قائم ہے۔

رائے بریلی: بھارت رتن سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر ضلع اور شہر کانگریس کمیٹی کی جانب سے مختلف پروگرام منعقد کیے گئے۔ مذکورہ معلومات دیتے ہوئے کانگریس کے ترجمان مہتاب عالم نے بتایا کہ سب سے پہلے صبح ضلع صدر پنکج تیواری اور سٹی صدر دھیرج شریواستو سمیت کانگریس کے کئی لیڈروں نے ضلع پنچایت کیمپس میں واقع سابق وزیر اعظم کے مجسمہ پر گلپوشی کر کے خراج عقیدت پیش کیا۔ اس کے بعد کانگریس کے دفتر تلک بھون میں کمپیوٹر انقلاب کے بانی راجیو گاندھی کی تصویر پر پھول چڑھائے گئے اور صدر حلقہ کے سابق امیدوار ڈاکٹر منیش سنگھ چوہان نے سمھنیس اسپتال میں ایک تقریب کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر سابق ضلع صدر وی کے شکلا، سابق چیئرمین حاجی محمد الیاس، سعید الحسن، ایڈووکیٹ شیلجا سنگھ، امبریش باجپئی، آر کے سنگھ، وجے لودھی، حاجی عثمان، سنجیو شکلا، منا گھوسی، گھنشیام شکلا، سندر لال نرمل، امیت چودھری، روپیش کمار، محمد نفیس اور دیگر عہدیدار موجود تھے۔

گرمی کا قہر، اسپتال میں بڑھ رہی ہے مریضوں کی تعداد

قے، دست و بخار کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ

گوری گنج/امیٹھی(ایس این بی) بڑھتے درجہ حرارت کی وجہ سے لوگوں کی صحت پر اثر پڑ رہا ہے۔ لو کی زد میں آنے سے ضلع اسپتال میں مریضوں کی تعداد تیزی سے بڑھ گئی ہے۔ منگل کو قے۔ دست و بخار و دیگر بیماری سے متاثر مریض اسپتال پہنچے۔ ڈاکٹروں کو دکھانے کیلئے مریضوں کو کافی انتظار کرنا پڑا۔ معلوم ہو کہ موسم کا تیور سخت ہو رہا ہے جیسا کہ دن کے درجہ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔ دن کا درجہ حرارت تقریباً 44 ڈگری سیلسس تک پہنچ گیا ہے۔ جیسے جیسے گرمی بڑھتی جا رہی ہے ویسے ہی عام لوگوں کی مشکلات بڑھتی نظر آرہی ہے۔ منگل کو جھلسا دینے والی دھوپ کا سلسلہ شروع ہو گیا ساتھ ہی گرم ہواؤں نے خوب پریشان کیا۔ مسلسل چل رہی لو کا سیدھا اثر لوگوں کی صحت پر پڑ رہا ہے۔ منگل کو تقریباً 11 بجے ملک محمد جائسی ضلع جوائنٹ اسپتال گوری گنج کے او پی ڈی روم نمبر 1 سے 8 تک مریضوں اور تیمارداروں کی بھیڑ نظر آئی۔ علاج کرانے کیلئے مریضوں کو لمبا انتظار کرنا پڑا۔ ڈاکٹر پیتامبر کنوجیا اور ڈاکٹر لئیق الزماں وغیرہ سے مشورہ لینے کیلئے مریضوں کی قطار نظر آرہی تھی۔ صبح سے شروع ہوا علاج کا سلسلہ دوپہر تک جاری رہا۔ سی ایم ایس ڈاکٹر بی پی اگروال نے بتایا کہ اسپتال میں پہنچنے والے مریضوں کا معقول علاج کیا جا رہا ہے۔

تعلیم دنیا اور آخرت کو خوبصورت بنا سکتی ہے: مولانا محمد عثمان

مدرسہ بورڈ کے سالانہ امتحان میں کامیاب طلباء کے اعزاز میں تقریب

محمود آباد، سیتاپور (ایس این بی) علم نفع بخش چیز ہے۔ علم کے حصول سے انسان اپنی دنیوی اور آخرت والی زندگی کو بہت خوبصورت اور نہایت کامیاب بنا سکتا ہے لیکن خیال رہے کہ ابتدائی تعلیم جو ہو وہ مدرسہ کی ہو کیونکہ جب بچہ مدارس میں داخل ہو کر علم حاصل کرے گا تو اسے وحدہ لاشریک ہونے کا علم حاصل ہوگا۔ رسول اکرمؐ کی انسانیت نواز سیرت سے واقف ہوگا اور اسے معلوم ہوگا کہ حضرات صحابہ اکرام کا مقام و مرتبہ کیا ہے۔ والدین کے حقوق کیا ہیں۔ بیواؤں اور تیموں کا حق کیا ہے اور وطن سے محبت کا درس ملے گا۔ مذکورہ باتیں مدرسہ عثمانیہ ضیا العلوم شیراپور میں مدرسہ بورڈ کے سالانہ امتحان میں اول، دوئم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء طالبات کے اعزازی پروگرام کو خطاب کرتے ہوئے استاذ و جمعیۃ العماء محمود آباد کے صدر مولانا محمد عثمان قاسمی نے کہیں۔ انھوں نے کہا کہ دنیا کے تمام علوم کو حاصل کرو جیسے انگریزی، سنسکرت جتنی زبانیں ہیں ان کا علم حاصل کرو مگر دینی تعلیم بنیادی طور پر حاصل کرنا چاہئے تا کہ بچے بڑے ہو کر اپنی دنیوی اور آخرت کی زندگی سنوار سکے۔ مولانا نے انعام حاصل کرنے والے بچوں کو دعاؤں سے نوازا۔ مہمان خصوصی محمد عرفان نے کہا کہ علم روشنی ہے اور جہالت تاریکی ہے۔ رسولؐ پر جو سب سے پہلے آیت نازل ہوئی اس میں پڑھنے اور پڑھانے کا ہی ذکر آیا ہے۔ علم کا سیکھنا ہر بالغ مرد اور عورت پر فرض قرار دیا گیا ہے لہذا والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو خوب پڑھائیں لکھائیں لیکن مذہبی تعلیم سب سے پہلے دلوائیں۔ آج معاشرہ میں جو خرابی آئی ہے اس کی واحد وجہ علم دین سے ناواقفیت ہے لہذا سب سے پہلے مدارس کی تعلیم سے بچوں کو روشناس کرانا چاہئے۔ انھوں نے بچوں کے روشن مستقبل کی آرزو کی اور اپنی دعاؤں سے نوازا۔ ہائی اسکول کے امتحان میں ناظرہ خاتون پہلی پوزیشن، ریاض احمد سیکنڈ اور حمیرہ خاتون سوم پوزیشن پر رہیں جبکہ جونیئر ہائی اسکول میں اول فہد عالم، دوئم عائشہ بانو اور سوم پوزیشن محمد فضیل رہے۔ اس طرح 42 بچوں کو انعامات سے نوازا گیا۔ اس کے علاوہ ناظرہ مکمل کرنے والے حفاظ کو بھی انعامات سے نوازا گیا۔ پروگرام کا آغاز محمد سمیر کے تلاوت قرآن سے ہوا۔ نعت شگفتہ نے پڑھی۔ پروین بانو اور ندا پروین نے تقریر پیش کی۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر محمد عمران نے سبھی کا استقبال کیا و شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر حافظ غلام وارث، قاری مرشد الدین، مولانا محمد وصی، حافظ وارث علی، ماسٹر ابو طالب کے علاوہ دیگر اشخاص موجود تھے۔

شکر مل کے لوڈر سے کچل کر مزدور کی موت

حیدر گڑھ/بارہ بنکی(ایس این بی) منگل کی صبح پوکھرا شکر مل میں کام کر رہے ایک مزدور کی مل میں ہی کام پر لگے لوڈر سے کچل کر موت ہوگئی۔ ملی اطلاع کے مطابق مرداپور مزرعہ پوکھرا کا دیوی پرساد راوت عرف ننکو 25 جو کہ پوکھرا شکر مل میں مزدوری کرتا تھا۔ گزشتہ شب اس کی ڈیوٹی رات 8 سے صبح 8 بجے تک تھی۔ اطلاع کے مطابق تقریباً 3 سے 4 بجے کے درمیان اس کو کام مقام پر ہی نیند آگئی اور وہیں سو گیا۔ کام مقام کے پاس میں ہے مل کا کام کر رہے ایک لوڈر کی زد میں آنے سے اس کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی۔ حالانکہ حادثہ کے بعد مل کے ملازمین اسے لے کر مقامی سی ایچ سی حیدر گڑھ لے گئے جہاں ڈاکٹروں نے جانچ کے بعد اسے مردہ قرار دے دیا۔ صبح لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ضلع ہیڈ کوارٹر بھیجا گیا۔ تقریباً چار بجے پوسٹ مارٹم کے بعد لاش لے کر اہل خانہ واپس آئے اور لاش کو گاؤں کے پاس نہر پر رکھ دیا اور اہل خانہ و بڑی تعداد میں گاؤں والوں نے مل گیٹ کے پاس دھرنا و مظاہرہ کر کے معاوضہ کا مطالبہ کرنے لگے۔ دیہی عوام کی ناراضگی دیکھتے ہوئے کئی تھانوں کی پولیس فورس وہاں تعینات کر دی گئی۔ معاوضہ کے سلسلہ میں اہل خانہ و مل انتظامیہ میں گفتگو جاری ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ جب تک معقول معاوضہ نہیں ملتا تب تک آخری رسوم نہیں کریں گے۔ خبر لکھے جانے تک دونوں گروپوں میں گفتگو جاری ہے۔

سردار سنگھ کانونٹ انٹر کالج میں نتائج تقسیم تقریب

محمود آباد، سیتاپور (ایس این بی) سردار سنگھ کانونٹ انٹر کالج محمود آباد میں تعلیمی سیشن 2023-24 کے سالانہ امتحانی نتائج اور طلبہ کی سرمایہ کاری کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز صبح 7.30 بجے کالج کے منیجر اجے ورما کے ہاتھوں شمع روشن کر کے کیا گیا۔ پروگرام کی نظامت آشوتوش پانڈے نے کی۔ سینکڑوں طلباء و طالبات اور والدین کی موجودگی میں سالانہ امتحانی نتائج کے ساتھ ساتھ مختلف سالانہ مقابلوں میں جیتنے والوں میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ کلاس میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے شرکاء اور مقابلہ کرنے والے طلباء میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات سے نوازا گیا۔ نرسری سے سینئر تک بالترتیب پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء - رشبھ وشوکرمی، اکشرا پٹیل، شیشم کمار، ساحل، آرادھیا سنگھ، رومیل کمار، ویبھا ورما، کرن کمار، آرادھیا ورما گوجن ورما، انمول پٹیل، انکیتا ورما، دوسری پوزیشن آشیش پٹیل، ابھی ورما، اینکا ورما، رمن، ششی پٹیل، اننیا شریواستو، انش پٹیل وغیرہ بالترتیب اور تیسرا مقام حاصل کرنے والی طالبات میں ارمان، نینسی یادو، شالینی، ارپت ورما، آشی ورما، انمکیت ورما وغیرہ شامل تھے۔ ہندی کے 56 طلباء، انگریزی کے 69 طلباء اور انگریزی خطاطی کے 128 طلباء کو انعام دیا گیا۔ مقابلے کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے رنگولی، ریس، کھوکھو، گانا وغیرہ سمیت کئی مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام میں اسکول کی پرنسپل کماری الپنا ترپاٹھی، سدھیر ورما، مہیش ورما، پنکج چوہان، شیو کمار ورما سنجے کمار، منجیت برما، پون شریواستو، ستیم اوستھی، نہاریکا ورما، ساوتری ورما، انکیتا رستوگی، منجو لکشمی، پرینکا ورما وغیرہ اساتذہ موجود تھے۔

50 ہزار روپئے چھیننے کی ایس پی سے شکایت

رائے بریلی (ایس این بی) مل ایریا تھانہ علاقہ کے تحت بدمعاشوں نے ایک نوجوان کی پٹائی کر 50 ہزار روپے چھین لئے۔ اس واقعہ کی شکایت تھانہ میں کی گئی لیکن پولیس نے نہ تو رپورٹ درج کی اور نہ ہی کوئی کارروائی کی، اس لئے متاثرین نے ایس پی آفس پہنچ کر شکایت درج کرائی اور کاروائی کی مطالبہ کیا۔ تحریر میں بتایا گیا ہے کہ آج 21 تاریخ بروز منگل کو دن میں تقریباً ساڑھے چار بجے، رائے بریلی ضلع کے مل ایریا تھانہ علاقے کے کھسپری شاردا نہر کے قریب، بے خوف بدمعاشوں نے مل ایریا تھانہ علاقے کے تکیہ چک پیر شاہ ساکن نفیس ولد صغیر کی پٹائی کر اس سے 50 ہزار روپے چھین لیے اور اسے جان سے مارنے کی دھمکی دے کر فرار ہو گئے، متاثرہ نفیس نے بتایا کہ وہ کسی کام کے لیے پیسے دینے اپنی بہن کے گھر جا رہا تھا کہ لالوپور چوہان گاؤں کے رہنے والے انیل سنگھ دھیرو سنگھ نے اسے مار پیٹ کر 50 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے، دونوں نوجوانوں نے منہ پر رومال باندھ رکھا تھا جو چھینا جھپٹی میں نیچے گر گیا تب جا کر ملزمان کی پہچان ہو سکی۔ متاثرہ نے مل ایریا پولیس اسٹیشن پہنچ کر تحریر دے کر کارروائی کا مطالبہ کیا لیکن پولیس نے کوئی کارروائی نہیں کی جس سے ناراض نفیس نے ایس پی آفس پہنچ کر معاملے کی شکایت کی۔

تیز رفتار پکپ کی ٹکر سے ٹیچر کی موت

گونڈہ (ایس این بی) ضلع کے گونڈہ۔ لکھنؤ شاہراہ پر منگل کی صبح تیز رفتار پکپ نے سڑک پار کر رہے ٹیچر کو ٹکر مار دیا جس سے وہ شدید طور سے زخمی ہو گئے۔ اہل خانہ نے زخمی ٹیچر کو ضلع اسپتال پہنچایا جہاں ڈاکٹروں نے انھیں مردہ قرار دے دیا۔ متوفی کے بیٹے نے پکپ ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کرایا ہے۔ ملی اطلاع کے مطابق شہر کوتوالی علاقے کے پورٹر گنج پتھوالیا کے رہنے والے بھوپتی شکلا 58 مادھو پورم بڑ گاؤں واقع سرسوتی ودیا ہائر سکنڈری اسکول میں سینئر ٹیچر کے عہدہ پر تعینات تھے اور راجا پور موڑ کے قریب اپنے نئے گھر میں کنبہ کے ساتھ رہتے ہیں۔ منگل کی صبح تقریباً پانچ بجے وہ اپنے پرانے گھر کی طرف جا رہے تھے تبھی تیز رفتار پکپ نے ٹکر مار دیا جس سے ان کی موت ہوگئی۔ انچارج انسپکٹر شہر راجیش سنگھ نے بتایا کہ پکپ کو قبضہ میں لے لیا گیا ہے اور ڈرائیور کی تلاش کی جا رہی ہے۔

ووٹنگ کے بعد ضلع الیکشن افسر نے جنرل مشاہد کے ساتھ دستاویزات کی جانچ کی

اجودھیا (ایس این بی) 54- فیض آباد لوک سبھا میں ووٹنگ مکمل ہونے کے بعد آج گورنمنٹ انٹر کالج فیض آباد میں الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ہدایات کے مطابق ضلع الیکشن آفیسر نتیش کمار کی موجودگی میں جنرل مشیر نے جانچ پڑتال کے دوران کمیشن کے معیارات کے مطابق انتخاب سے متعلق دستاویزات اور دیگر فارموں کی جانچ کی۔ اس دوران سیاسی جماعتوں کے امیدواروں و نمائندوں کے سامنے فارموں کو دیکھ کر پورا عمل انجام دیا گیا تاکہ بقیہ انتخابی عمل میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ گورنمنٹ انٹر کالج میں جنرل مشاہد پی آکاش کے سامنے ڈپٹی ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر انیرودھ پرتاپ سنگھ، اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران جیسے راجکمار پانڈے، راجیو رتن سنگھ، انشیکا دکشت، اشوک کمار سینی اور رام آسرے کے ذریعے مطلوبہ دستاویز پیش کئے گئے۔ اس دوران ضلع الیکشن افسر نتیش کمار نے کہا کہ ووٹنگ کا عمل مکمل طور پر منصفانہ اور شفاف طریقے سے انجام دیا گیا ہے۔ جنرل آبزرور نے مختلف سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے نمائندوں کی موجودگی میں کسی بھی اہلکار کی طرف سے جمع کرائے گئے فارم اور رپورٹس کو چیک کیا۔ پورے عمل کی تصدیق کے بعد آبزرور کی جانب سے رپورٹ الیکشن کمیشن کو بھجوائی جائے گی۔ اس دوران بھارتیہ جنتا پارٹی، سماج وادی پارٹی، بہوجن سماج پارٹی، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا اور دیگر امیدواروں کے نمائندے اور انتخابی عمل سے متعلق دیگر متعلقہ اہلکار موجود تھے۔

جہیز قتل کے مجرم شوہر و خسر کو عمر قید، 10-10 ہزار جرمانہ

بارہ بنکی (ایس این بی) اڈیشنل سیشن جج فاسٹ ٹریک کورٹ راکیش نے بیاہتا کے قتل کے معاملہ میں ملزم شوہر و خسر کو عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ عدالت نے دونوں ملزمان پر 10-10 ہزار روپے کا جرمانہ بھی لگایا ہے۔ اسسٹنٹ ضلع سرکاری وکیل شیلندر شریواستو نے بتایا کہ تھانہ رام نگر کے گاؤں امولی کیرت پور کے اودھ نریش دکشت نے واقعہ سے تقریباً 3 برس قبل اپنی بیٹی سشما کی شادی تھانہ مسولی جہاو امئو کے برجیش کمار شکلا کے ساتھ کی تھی۔ برجیش و اس کے گھر والے سشما کو جہیز میں 2 لاکھ روپے و بیڈ الماری کے مطالبہ پر آئے دن مارتے پیٹتے تھے۔ متاثرہ جب مائیکہ آتی تھی وہ اپنے والد کو سب بتاتی تھی مگر وہ اسے سمجھا کر بھیج دیتے تھے۔ گزشتہ 17 اکتوبر 2016 کو دن میں دوپہر بعد ملزمان نے اس کو جلا کر قتل کر دیا۔ پڑوس کے لوگوں نے فون کر کے متوفیہ کے والد کو اطلاع دی۔ جب وہ لوگ بیٹی کے گھر پہنچے تو دیکھا کہ اس کی لاش پڑی ہے اور سسرال والے غائب ہیں۔ مدعی نے واقعہ کی رپورٹ تھانہ رام نگر میں درج کرائی تھی۔ عدالت میں سنوائی کے دوران استغاثہ گروپ کی طرف سے 7 گواہ پیش کئے گئے۔ گواہوں کے بیان و دونوں گروپوں کی دلیل سننے کے بعد جج نے برجیش کمار شکلا وان کے والد راجیندر عرف شکلا کو قصوروار مانتے ہوئے عمر قید و 10-10 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔

موٹر سائیکل کی زد میں آکر ضعیفہ کی موت

سدھور/بارہ بنکی (ایس این بی) کوٹھی تھانہ علاقہ میں سڑک پار کرتے وقت موٹر سائیکل کی زد میں آنے سے ایک ضعیفہ کی موت ہوگئی جبکہ موٹر سائیکل سوار افراد زخمی ہو گئے۔ جن کا سی ایچ سی میں علاج کرایا گیا۔ تھانہ علاقہ کے سیدن پور گاؤں کی ساوتری دیوی 60 بیوی رام نریش اپنے گھر جانے کیلئے سڑک پار کر رہی تھی تبھی بارہ بنکی کی طرف سے ہوم گارڈ جوان مہیندر سنگھ ولد سبھاش چند سنگھ ساکن بابا پور تھانہ حیدر گڑھ ساتھی جگدیو ولد جگدمبا ساکن پوکھرا حیدر گڑھ کی موٹر سائیکل کی زد میں آ گئی۔ موٹر سائیکل کی ٹکر سے ساوتری دیوی شدید طور سے زخمی ہو گئی۔ اہل خانہ نے 108 ایمبولنس سے اسے علاج کیلئے کمیونٹی صحت مرکز کوٹھی لے گئے جہاں ڈاکٹروں نے جانچ کے بعد اسے مردہ قرار دے دیا۔ متوفیہ کے بیٹے رام سمجھ نے پولیس سے شکایت کر کے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ حادثہ میں دونوں ہوم گارڈ جوان بھی زخمی ہو گئے جن کا علاج کرایا گیا۔

انڈسٹریل ایریا میں واقع پونم رائس مل میں چوری

فتح پور، بارہ بنکی (ایس این بی) علاقہ کے گاؤں رسول پناہ انڈسٹریل ایریا میں واقع پونم رائس مل میں ملازمین کی ملی بھگت سے چوری کی واردات انجام دی گئی۔ متاثرہ نے مقامی تھانہ میں درخواست دے کر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ معلوم ہو کہ پونم رائس مل علاقہ کے گاؤں رسول پناہ انڈسٹریل ایریا میں واقع ہے۔ متاثرہ کی طرف سے دی گئی شکایتی درخواست میں کہا گیا ہے کہ راجو شکلا عرف شیو شنکر شکلا جو کہ گاؤں نجھنی پوسٹ نکہ، ضلع لکھیم پور کھیری کا رہنے والا ہے اس کے ساتھ نصیر ولد نامعلوم اور عاصمہ بیوی نصیر جو فتح پور کی رہنے والی ہے۔ یہ سب یہاں چوکیدار کے طور پر کام کرتے تھے۔ ملزمان نصیر اور عاصمہ کچھ عرصہ سے نوکری چھوڑ چکے تھے۔ بعد میں متاثرہ کے منع کرنے کے باوجود دونوں ملزمان راجو شکلا عرف شیو شنکر شکلا کی ملی بھگت سے میل میں چھپ چھپ کر آتے جاتے رہتے تھے ان ملزمان نے میل کی ایک ڈپلیکیٹ چابی بھی بنوا کر متاثرہ کی غیر موجودگی میں یہاں ایک گودام کھول کر چوری سے چاول اور دھان فروخت کرنے لگے۔ یہ اطلاع متاثرہ کو ملازم منوج سنگھ نے دی جب متاثرہ نے اسٹاک کو ملایا تو تقریباً 150 کوئنٹل چاول چوری ہو چکے تھے جس پر متاثرہ نے شکایت درج کرائی ہے اور کارروائی کا مطالبہ کیا۔